سوال

فرشتے کی نقل کرکے ویڈیو بنانا اور دیکھنا

جواب

سوال : السلام علیکم کیا جو عذاب قبر والی ویڈیو بنائی گئی ہے اس میں فرشتے کی نقل بنانا کیا یہ درست عمل ہے؟ ویڈیو بہت عبرتناک ہے۔

جواب : اصول یہی ہے کہ آپ کسی نبی یا رسول یا فرشتے کو فلما نہیں سکتے ہیں :

۱۔ کیونکہ یہ ایک طرف توان کی عصمت، تقدس اور احترام کے منافی ہے یعنی جیسے آپ فرشتہ دکھا رہے ہیں، وہ تو انسان ہونے کی وجہ سے گناہ گار ہے جبکہ اصلا فرشتہ تو معصوم ہے۔

۲۔ اور دوسری طرف صریح بہتان اور جھوٹ بھی ہے یعنی جیسے آپ فرشتہ دکھا رہے ہیں وہ حقیقت میں فرشتہ نہیں ہے لہذا جھوٹ اور بہتان ہوا۔

والله اعلم بالصواب